## پشاور میں خودکش حملہ پر ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کا اظہار مذمت

## کمانڈنٹ صفت غیور شہید ایک بہت بہادر اور فرض شناس افسر تھے جو کافی عرصہ سے ملک دشمن دہشت گردوں کے خلاف نہایت سرگرم تھے۔ پوری قوم اپنے اس بہادر افسر صفت غیور شہید کو سلام پیش کرتی ہے۔ الطاف حسین

## وقت کا تقاضہ ہے کہ پوری قوم ملک کو بچانے کیلئے انسانیت دشمن دہشت گردوں کے خلاف ایک ہو جائے

لندن۔۔۔4 اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور میں خودکش حملہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور دہشت گردی کے اس واقعہ میں ایف سی کمانڈنٹ صفت غیور اور ان کے محافظوں کی شہادت پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ کمانڈنٹ صفت غیور شہید ایک بہت بہادر اور فرض شناس افسر تھے جو کافی عرصہ سے ملک دشمن دہشت گردوں کے خلاف نہایت سرگرم تھے اور انہیں آج دہشت گردوں نے خودکش حملہ کے ذریعے شہید کر دیا، پوری قوم اپنے اس بہادر شہید افسر کو سلام پیش کرتی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ وقت کا تقاضہ ہے کہ پوری قوم ملک کو بچانے کیلئے انسانیت دشمن دہشت گردوں کے خلاف ایک ہو جائے اور اتحاد کا مظاہرہ کرے۔ جناب الطاف حسین نے صفت غیور شہید اور ان کے ساتھ شہید ہونے والے ان کے تمام محافظوں کو خراج عقیدت پیش کیا، انکے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ صفت غیور شہید اور دیگر تمام شہیدوں کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## کراچی کے مختلف علاقوں میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں ایم کیو ایم کے چار ہمدردوں کی شہادت اور متعدد کے زخمی ہونے پر قائد تحریک الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔4 اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی کے مختلف علاقوں میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں ایم کیو ایم کے ہمدردوں کی شہادت اور متعدد کے زخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے ایم کیو ایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے کارکن سید اسد حسین شہید، قصبہ کالونی کے علاقے بخاری کالونی میں دو ہمدردوں فیاض خان شہید، محمد محمود شہید، قصبہ کالونی کے علاقے حنیف آباد کے فرحان شہید، اورنگی ٹاؤن کے محمد ندیم شہید کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام شہیدوں کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ جناب الطاف حسین نے شہر کے مختلف علاقوں میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونیوالے ایم کیو ایم کے ہمدرد نوجوانوں، بزرگوں، خواتین اور بچوں سے بھی دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور ان کی جلد صحتیابی کی دعا کی۔

## قصبہ کالونی اور اورنگی ٹاؤن میں فائرنگ کے واقعات میں ایم کیو ایم کے درجنوں کارکنوں اور ہمدردوں کو شہید و زخمی

## پولیس اور رینجرز جانبداری کا مظاہرہ کر رہی ہے، واسع جلیل

## نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ارکان کی پریس کانفرنس

کراچی: (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر شہید اور ان کے محافظ محمد خالد خان کی شہادت کے بعد کراچی میں ایم کیو ایم کے ہمدردوں اور اردو بولنے والوں کی ہونے والی قتل و غارتگری لوٹ مار اور گھروں کو نذر آتش کرنے اور اس کی روک تھام نہ کرنے پر انتظامیہ خصوصاً پولیس اور رینجرز پر اپنے عدم اعتماد کا اظہار کر دیا ہے اور اس امر پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایم کیو ایم کی جانب سے متعدد بار قانون نافذ کرنے والے اداروں کو اس جانب توجہ دلائی گئی لیکن وہ یہاں امن و امان کی نفاذ میں مکمل طور پر ناکام ثابت ہوئی ہے۔ بدھ کے روز رابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل نے رابطہ کمیٹی کے دیگر اراکین اشفاق منگی، شاہد لطیف اور شاکر علی کے ہمراہ ایک پریس بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سید رضا حیدر اور خالد خان شہید کی تدفین کے بعد مسلح دہشتگردوں نے قصبہ کالونی، بنارس، کٹی پہاڑی اور فقیر کالونی کے علاقوں میں جدید و خودکار ہتھیاروں سے فائرنگ کی اور بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنا کر ایم کیو ایم کے درجنوں ہمدردوں کو شہید اور شدید زخمی کر دیا۔ ان کے گھروں، دکانوں اور دیگر املاک کو نذر آتش کر دیا اور قیمتی سامان لوٹ لیا گیا، مسلم آباد اور پیرآباد کی آبادی میں دہشت گردوں نے اینٹوں اور بجریوں کی بوریاں رکھ کر مورچے بنا لیے ہیں وہاں سے وقفے وقفے سے اردو بولنے والی

آبادیوں پر فائرنگ کی جارہی ہے جس سے پوری اردو بولنے والی آبادی محصور ہوکر رہ گئی ۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کی کھلی دہشتگردی، فائرنگ اور تشدد کے واقعات میں درجنوں افراد کے زخمی اور املاک کو نذر آتش کر کے لوٹ مار کرنے اور ان پر قبضہ کرنے کے باعث عوام میں شدید غم وغصہ کی لہر پائی جارہی ہے۔ مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں زخمی ہونے والے ایم کیوایم کے ہمدرد قطر اسپتال اور عباسی شہید اسپتال پہنچادیے گئے ہیں جن میں سے بعض کی حالت انتہائی نازک ہے ۔قصبہ علیگڑھ میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والوں کی تفصیلات بتاتے ہوئے واسع جلیل نے کہا کہ قصبہ کالونی کے علاقے بخاری کالونی میں مسلح دہشت گردوں نے اپنے کام سے گھر واپس آنے والے دوتحریکی ہمدردوں فیاض ولد محمود خان اور محمود ولد محمد اسرائیل کو اسلحہ کے زور پر روکا اور ان سے رقم اور موبائل چھیننے کے بعد انہیں اغواء کر کے اپنے علاقوں میں لے گئے اور دونوں کو کن پٹی پر گولی مار کر شہید کر کے سڑک پر پھینک دیا جبکہ اورنگی نمبر 10 ہریانہ کالونی قائم خانی چوک کے رہائشی تحریکی ہمدرد 29 سالہ محمد ندیم ولد محمد نصیر کو مسلح دہشت گردوں کے دہشتگردوں نے منی بس X-8 جس میں وہ ملازمت سے واپس آرہے تھے انہیں عابد آباد فقیر کالونی پر اتار کر شناختی کارڈ چیک کیا اور سر میں گولی مار کر شہید کر دیا۔واسع جلیل نے کہا کہ یونٹ 125 قصبہ علیگڑھ سیکٹر کے علاقے حنیف آباد کے رہائشی فرحان ولد یاسین احمد کو بنارس پر فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا یہ بھی عباسی شہید اسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاکر شہید ہوگئے ، یونٹ 188 نزد لسبیلہ پل ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے کارکن 30 سالہ سید اسد حسین ولد سید ساجد حسین گزشتہ روز صبح ساڑھے 6 بجے نامعلوم سمت سے آنے والی گولی لگنے سے زخمی ہوگئے تھے وہ بھی عباسی شہید اسپتال میں شہید ہوگئے ۔قصبہ علیگڑھ ہی میں دہشت گردوں کے تشدد اور فائرنگ سے زخمی ہونے والوں کی تفصیلات بتاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں نے قصبہ کالونی میں ایم کیوایم کے ہمدرد سعید ولد سید میر پر فائرنگ کی جس کے باعث وہ پیٹ میں گولی لگنے سے زخمی ہوگئے ،سعید ولد سید میر قصبہ کالونی A ایریا مکان نمبر A-6/1 کے رہائشی ہیں ۔ مسلح دہشت گردوں نے ایوان اتحاد ہسپتال قصبہ کے قریب فائرنگ کر کے ایم کیوایم کے ہمدرد محمد رضوان ولد عبدالرؤف کو فائرنگ کا نشانہ بنایا جس کے باعث وہ کولہے میں گولی لگنے سے زخمی ہوگئے ، محمد رضوان ولد عبدالرؤف قصبہ کالونی کے مکان نمبر A/240 کے رہائشی ہیں ۔ایم کیوایم کے ہمدرد عبید علی خان ولد صادق علی قصبہ کالونی ڈھائی نمبر میں واقع اپنی رہائشگاہ مکان نمبر H-114 سے نکلے تھے کہ دیگ والی بلڈنگ قصبہ موڑ پر انہیں فائرنگ کا نشانہ بنا کر زخمی کر دیا گیا فائرنگ کے باعث ان کی ٹانگ میں گولی لگی ۔انہوں نے بتایا کہ مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کی ہمدرد 26 سالہ محترمہ نازیہ زوجیہ محمد ایوب گرن کے نیچے گولی آر پار ہونے سے شدید زخمی ہوگئی ، دہشت گردوں کی فائرنگ سے قصبہ کالونی کے مکان نمبر 12/12 ،اے ایریا کے میں رہائش پذیر ایم کیوایم کی 22 سالہ ہمدرد منیزل ولد غلام رسول گلفام آباد کی پلیہ پر فائرنگ سے پاؤں میں گولی لگنے سے زخمی ہوگئی ۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کی فائرنگ سے قصبہ کالونی ڈھائی نمبر کے رہائشی آصف ولد سمیع کمر اور پیٹ میں گولیاں لگنے سے زخمی ہوگئے ،قصبہ کالونی یونٹ کے علاقے e ایریا کے رہائشی راحیل ولد محمد رفیق کو مسلح دہشت گردوں نے کٹی پہاڑی کے اوپر سے فائرنگ کا نشانہ بنایا جس کے باعث وہ شدید زخمی ہوگئے ۔قصبہ کالونی کے مکان نمبر 127/7 ،A ایریا کے رہائشی آصف حیدر ولد غلام حیدر کو مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کا نشانہ بنا کر زخمی کر دیا، قصبہ کالونی کے مکان نمبر A-138-F کے رہائشی نعمان طالب علی ولد محمد طالب کو قصبہ کالونی ڈھائی نمبر میں مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کا نشانہ بنایا جس کے باعث وہ زخمی ہوگئے ، قصبہ کالونی کے مکان نمبر A-07 ایریا کے رہائشی محمد عارف ولد احد انصاری بھی قصبہ کالونی میں ہی مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کا نشانہ بنے ، مسلح دہشت گردوں نے قصبہ کالونی کے رہائشی سید اشفاق حسین ولد سید اقبال حسین کو چار پائی والی گلی میں فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا، قصبہ کالونی میں ہی مسلح دہشت گردوں نے سید آصف علی ،نوید خان اور ارشد ولد ارشاد علی کو بھی فائرنگ کا نشانہ بنا کر شدید زخمی کر دیا، اورنگی ٹاؤن کے رہائشی ایم کیوایم کے ہمدرد محمد شبیر ولد محمد سعید کو اے این پی کے دہشت گردوں نے قصبہ کالونی میں فائرنگ کا نشانہ بنایا جس کے باعث وہ زخمی ہوگئے ۔انہوں نے بتایا کہ اورنگی ٹاؤن کے رہائشی محمد شبیر ولد محمد سعید کو مسلح دہشت گردوں نے قصبہ کالونی میں فائرنگ کا نشانہ بنا کر شدید زخمی کر دیا ، اورنگی ٹاؤن کے مکان نمبر 295 المصطفی کالونی گلی نمبر 5 کے رہائشی محمد کفیل ولد محمد زبیر کو مسلح دہشت گردوں نے فقیر کالونی میں فائرنگ کا نشانہ بنایا جس کے باعث وہ زخمی ہوگئے ، اورنگی ٹاؤن مکان نمبر 699 بلاک J گلی نمبر 2 کے رہائشی شیخ نودی علی ولد برکت کو مسلح دہشت گردوں نے قصبہ کالونی میں فائرنگ کا نشانہ بنایا، محمد پور کے رہائشی منور حسین ولد اطہر حسین کو مسلح دہشت گردوں نے کٹی پہاڑی پر فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا، قصبہ علی گڑھ کے علاقہ خیابان ایوان میں فائرنگ کے نتیجے میں ایم کیوایم کے ہمدرد شاہد ولد محمد واجد بھی شدید زخمی ہوگئے ۔انہوں نے بتایا کہ قصبہ کالونی ودیگر علاقوں کے علاوہ بنارس میں مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم کے ہمدرد سہیل ولد محمد سلیم ، غلام نبی ولد مستجاب ، ناصر ولد شہاب الدین ، وسیم ولد زمان ، عائشہ ولد ارشاد پرویز اور شاہد انصاری ولد زین کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنا کر شدید زخمی کر دیا۔انہوں نے بتایا کہ مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردوں کی املاک کو نذر آتش کر دیا گیا اور قیمتی سامان لوٹ لیا گیا جس کی تفصیل کے مطابق یونٹ 132 قصبہ کالونی میں مسلح دہشت گردوں نے یونٹ کمیٹی کے رکن شکیل اور ان کے بھائی کے گھر کو آگ لگادی جبکہ ایم کیوایم کے ہمدرد خرم ، قیوم کی حنا بیکری والے گھر کو آگ لگادی ان کے نمبر R-96,R354,R388,R-95 محمد پور قصبہ کالونی نزد کٹی پہاری ہیں اسی جگہ صابن بنانے والے کارخانے کو بھی آگ لگادی گئی ۔انہوں نے بتایا کہ مسلح دہشت گردوں نے اے ایریا قصبہ کالونی مکان نمبر 12/14 کے رہائشی اور ایم کیوایم کے ہمدرد عبدالقادر کے جنرل اسٹور کو نذر آتش کر دیا، ایم کیوایم شعبہ خواتین کی ذمہ دار محترمہ نسرین اور ان کے بیٹے تنویر جو کہ مسلم آباد نمبر 3 میں رہائش پذیر ہیں ان

کے گھر کو مسلح دہشت گردوں نے لوٹ کر نذر آتش کر دیا، مسلح دہشت گردوں نے سائٹ ایریا قصبہ کالونی میں گھر اور اس کے نیچے واقع 3 دکانیں کو آگ لگا دی ، بلدیہ ٹاؤن کے ایڈمنسٹریٹر اطہر سید کی کار پر قصبہ کالونی ڈھائی نمبر پر پختون آبادی سے براہِ راست فائرنگ کی گئی جس سے وہ بال بال بچ گئے ،ان کی گاری کا نمبر G:-4390 کرولہ ہے ۔انہوں نے کہا کہ مسلح دہشت گردوں نے دہشت گردی کی کارروائیوں کے دوران مسلم آباد کی رہائشی ہارون نامی فیملی کو بھی اسلحہ کے زور پر یرغمال بنایا ہوا ہے ۔انہوں نے بتایا کہ قصبہ کالونی مکان نمبر A,A-17/14 ایریا کے رہائشی سلیم کے گھر کو مسلح دہشت گردوں نے لوٹ لیا اور گھر میں توڑ پھوڑ کی ،قصبہ کالونی مکان نمبر R-595 محمد پور کے مکان کو مسلح دہشت گردوں نے لوٹ کر آگ لگا دی ،قصبہ کالونی مکان نمبر A-9/1 کے رہائشی ارشد کے گھر کے نیچے چار دو کانوں کو مسلح دہشت گردوں نے لوٹ کر نذر آتش کر دیا، مسلح دہشت گردوں نے قصبہ کالونی مکان نمبر L/4 نزد دہری بلڈن کے رہائشی محمد علی کے گھر کے نیچے چار دو کانوں کو لوٹ کا رنذر آتش کر دیا۔ واسع جلیل نے بلا جواز گرفتاریوں کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ تیسر ٹاؤن میں ایم کیو ایم یونٹ 5 کے ساتھی شہزاد ولد چنگیز خان اور متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر عابد کو رینجرز گرفتار کر کے نامعلوم مقام پر لے گئی ۔انہوں نے کہا کہ قصبہ کالونی میں واقع میانوالی کالونی میں میانوالی برادری آباد ہے میانوالی برادری کے لوگوں کو مسلح دہشت گردوں نے دھمکیاں دی ہیں کہ تم لوگ یہ علاقہ خالی کر دو ورنہ تم لوگوں پر حملہ کر دیا جائے گا اور کوئی بھی زندہ نہیں بچے گا ،اس دھمکی کے بعد میانوالی کالونی میں خوف وہراس پھیل گیا اور تقریباً 65 سے 70 افراد خوف کی وجہ سے علاقہ سے بھاگ کر نارتھ ناظم آباد بلاک L میں پہنچ گئے کیونکہ یہاں کچھ ان کی برادری آباد ہے جبکہ ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر نے ان تمام آنے والوں کو نارتھ ناظم آباد بلاک L میں موجود سراج الدولہ اسکول میں منتقل کر دیا اور ان کے کھانے پینے کا بھی انتظام کیا۔ آخر میں واسع جلیل نے ان تمام سیاسی ، مذہبی اور قوم پرست جماعتوں کے رہنماؤں سے اظہار تشکر کیا ہے جو ایم کیو ایم کے رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر اور دیگر ایم کیو ایم کی کارکنوں کی شہادت پر تعزیت کیلئے نائن زیرو تشریف لائے ۔انہوں نے کہا کہ انہی علاقوں میں اردو بولنے والوں اور ایم کیو ایم کے ہمدردوں کو بدترین انتقام کا نشانہ بنایا جارہا ہے ۔انہوں نے میڈیا کی جانب سے موجودہ صورتحال میں اپنے فرائض منصبی احسن انداز میں ادا کرنے پر ان سے بھی اظہار تشکر کیا۔اس بات کا ہم پہلے بھی اظہار کر چکے ہیں کہ لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور اسلحہ مافیا کے لوگ جہاں جا کر بیٹھے ہیں ان کے زیر اثر علاقے ہیں جو اپنے علاقے ہونے کا دعویٰ کرتی ہے اوران کے سیاسی جھنڈے بھی وہاں ہیں۔

## حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر شہید اور ان کے محافظ خالد خان شہید نے شہر کے امن اور ملک کے استحکام کیلئے قربانی دی ہے، حق پرست سینیٹرز

## سید رضا حیدر شہید اور ان کے محافظ خالد خان شہید کے قاتلوں کو قرار واقعی سزا دی جائے

## اے این پی اور جرائم پیشہ عناصر کے گٹھ جوڑ کا نوٹس لیا جائے ،شہر کراچی کے امن کو جرائم پیشہ عناصر کی بھینٹ چڑھنے سے بچایا جائے ، لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا کے خلاف آپریشن کیا جائے

کراچی ۔۔۔4، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سینیٹ نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر اور ان کے محافظ خالد خان کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے ۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ شہر کراچی کے امن کو تہہ بالا کرنے کیلئے ڈرگ مافیا، لینڈ مافیا اور جرائم پیشہ عناصر عوامی نیشنل پارٹی کی چھتری تلے شہر میں قبضہ ،لوٹ مار ،اغواء برائے تاوان اور دیگر سنگین جرائم کی وارداتیں کر رہے ہیں اور جب ان عناصر کے خلاف کارروائی کی جاتی ہے تو اے این پی کے رہنماء ان عناصر کی مکمل پشت پناہی کرتے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ شہر کے امن وامان کیلئے ایم کیو ایم کی آواز کو سننے ،اس کی جانب سے شہر میں نقص امن کی خرابی کے ذمہ داروں کی نشاندہی پر عملی کارروائی سے ہی شہر کراچی کو ترقی وخوشحالی کا گہوارہ بنایا جا سکتا ہے ۔انہوں نے کہا کہ نقص امن کیلئے ایم کیو ایم کی آواز کو صرف ایم کیو ایم کی آواز ہی نہ سمجھا جائے بلکہ اسے شہر کراچی میں رہنے والے والی تمام قومیتوں ، برادریوں اور مذاہب کے عوام کی ترجمانی اور آواز سمجھا جائے ۔انہوں نے کہا کہ شہر کراچی کے عوام ایم کیو ایم کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے ہی اتفاق کرتے ہیں اور ہر انتخابات میں اسے بھاری اکثریت سے کامیاب بنا کر شہر کی ترقی وخوشحالی کیلئے منتخب کرتے رہے ہیں اور ایم کیو ایم ہر گز شہر کی ترقی وخوشحالی کو نقصان پہنچانے کی سازشوں کو کامیاب نہیں ہونے دے گی ۔انہوں نے کہا کہ سید رضا حیدر شہید اور ان کے محافظ خالد خان نے جس مشن ،مقصد اور نظریئے کیلئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے ہیں اسے رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا اور شہداء کا لہو ضرور رنگ لائے گا ۔حق پرست اراکین سینیٹ نے صدر مملکت آصف علی زرداری ، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ سید رضا حیدر شہید اور ان کے محافظ خالد خان شہید کے بہیمانہ قتل میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے ،اے این پی اور جرائم پیشہ عناصر کے گٹھ جوڑ کا نوٹس لیا جائے ،شہر کراچی کے امن کو جرائم پیشہ عناصر کی بھینٹ چڑھنے سے بچایا جائے ، لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا کے خلاف آپریشن کیا جائے اور سید رضا حیدر

شہیداوران کے محافظ خالد خان شہید کے قاتلوں کوقرار واقعی سزا دی جائے۔انہوں نے سید رضا حیدر شہیداور محافظ خالد خان شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اورانہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے سانحہ میں ایم کیوایم کے زخمی ہمدرد محمد ذیشان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## رضا حیدر شہیداوران کے محافظ خالد خان شہید کا اجتماعی سوئم جمعرات کو بعد نماز ظہر لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوگا

کراچی۔۔۔4اگست 2010ء

پیر کے روز مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر شہیداور ان کے محافظ خالد خان شہید کا اجتماعی سوئم جمعرات کو بعد نماز ظہر لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہوگا جس میں شہداء کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔قرآن وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان،منتخب حق پرست عوامی نمائندے،ایم کیوایم کے مختلف ونگز و شعبہ جات کے ارکان،سیکٹرز و یونٹس کمیٹی کے ذمہ داران،کارکنان اور،ہمدردوں کے علاوہ رضا حیدر شہید کے عزیز و اقارب شرکت کریں گے۔

## بنگالی ایکشن کمیٹی کے وفد کی خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔4،اگست 2010ء

بنگالی ایکشن کمیٹی کے وفد نے چیئرمین فیروز بنگالی کی سربراہی میں خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیر انیس احمد قائمخانی اور رابطہ کمیٹی کے رکن نیک محمد سے ملاقات کی اورانہیں کراچی میں مقیم بنگالیوں کو شناختی کارڈ کے حصول میں درپیش مسائل ومشکلات سے آگاہ کیا۔وفد کے ارکان نے انیس احمد قائمخانی کو بتایا کہ کراچی میں لاکھوں بنگالی برسوں سے آباد ہیں اوران کا جینا مرنا اس زمین سے وابستہ ہے تاہم ان کو شناختی کارڈ کے حصول میں نادرا کی جانب سے پریشان کیا جارہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ شناختی کارڈ نہ ہونے کے باعث پولیس وانتظامیہ بنگالیوں کو جھوٹے اور بے بنیاد مقدمات میں گرفتار کرکے لاکھوں روپے رشوت وصول کررہی ہے جس کے باعث ان میں شدید بے چینی پائی جارہی ہے۔انیس احمد قائمخانی نے بنگالی ایکشن کمیٹی کے وفد کی گزارشات کو غور سے سنا اورانہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔انہوں نے کہا کہ بنگالیوں کے جائز مطالبات کیلئے ایم کیوایم ہر سطح پر آواز بلند کریگی۔

## اے پی ایم ایس او کے سینئر کارکن اورحق پرست ایم پی اے سید رضا حیدر اور محافظ خالد خان کی شہادت کھلی دہشت گردی ہے
## لینڈ،ڈرگ اور قبضہ مافیا کی پشت پناہی کرنے والے غنڈہ عناصر مذموم اور بزدلانہ کاروائیوں کے ذریعے
## کارکنوں کے ہمت وحوصلے کو کم نہیں کرسکتے،چیئرمین واراکین مرکزی کابینہ اے پی ایم ایس او

کراچی۔۔۔4،اگست،2010

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین واراکین مرکزی کابینہ نے اے پی ایم ایس او کے سینئر کارکن اورحق پرست رکن صوبائی اسمبلی سندھ سید رضا حیدر اوران کے محافظ خالد خان کو مسلح دہشت گردوں کی جانب سے فائرنگ کرکے شہید کرنے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے اوراسے کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں اراکین مرکزی کابینہ نے کہا ہے کہ لینڈ،ڈرگ اور قبضہ مافیا کی پشت پناہی کرنے والے غنڈہ عناصر اس طرح کی مذموم اور بزدلانہ کاروائی کے ذریعے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے کارکنوں کے ہمت وحوصلوں کو کم نہیں کرسکتے۔انہوں نے کہا کہ رضا حیدر شہید زمانہ طالب علمی میں اے پی ایم ایس او کے فعال اور سرگرم کارکن تھے اور ہمیشہ تحریکی پروگراموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔انھوں نے کہا کہ ماضی گواہ ہے کہ قائد تحریک اوران کے کارکنان نے ماضی میں بھی سازشوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے اور آج بھی حق پرستی کی پاداش میں ہمارا خونِ ناحق سرعام بہایا جارہا ہے لیکن ہم ان دہشت گردوں کو بتادینا چاہتے ہیں کہ ہم شہدائے حق کا خون رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔اراکین مرکزی کابینہ نے شہداء کے بلند درجات کیلئے اور لواحقین کیلئے صبر دعا کی اور حکام بالا سے مطالبہ کیا کہ شہید ایم پی اے رضا حیدر اور محافظ خالد خان کی شہادت کے واقعے میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔

## ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے رکن محمد عثمان خان کی ہمشیرہ محترمہ عزیز النساء کے انتقال پر
## قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم یوکے کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔4 اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے رکن اور ایم کیوایم یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن محمد عثمان خان کی ہمشیرہ محترمہ عزیز النساء کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے محمد عثمان اور ان کے تمام اہل خانہ سے تعزیت کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ عزیز النساء کی مغفرت فرمائے ، مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ دریں اثناء ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش اور یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے بھی محمد عثمان سے ان کی ہمشیرہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ عزیز النساء کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔

## سندھ یونائیٹڈ پارٹی اور تحریک انصاف کے وفود کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے اراکین سے ملاقات
## حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر اور ان کے محافظ کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا

کراچی۔۔۔4، اگست 2010ء

سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے وائس چیئرمین سید غلام شاہ اور منظور ابڑو نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو رابطہ کمیٹی کے اراکین ، رضا ہارون ، اشفاق منگی اور محمد یوسف شاہوانی سے ملاقات کی اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر اور ان کے محافظ خالد خان کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ اس موقع پر متحدہ سوشل فورم کے انچارج لونگ خان چنہ، جوائنٹ انچارج احمد سلیم صدیقی ، رکن یوسف منیر شیخ ، ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی اور رکن ڈاکٹر عنایت سومرو بھی موجود تھے۔ سید غلام شاہ اور منظور ابڑو نے سید رضا حیدر اور ان کے محافظ کی شہادت پر قائد تحریک جناب الطاف حسین سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اسے بڑا سانحہ اور ظلم قرار دیا۔ اس موقع پر انہوں نے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔ دریں اثناء تحریک انصاف ایک نمائندہ وفد نے بھی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون ، حق پرست وفاقی وزیر بابر خان غوری اور صوبائی وزیر فیصل سبزواری سے ملاقات کی اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر شہید اور ان کے محافظ خالد کی شہادت پر دلی افسوس کا اظہار کیا۔ وفد میں تحریک انصاف سندھ کے صدر نجیب ، نائب صدر ہارون ، ترجمان یوسف گبول ، نائب صدر سینٹرل اشرف قریشی اور نائب صدر حفیظ فضل کریم شامل تھے۔

## کارکنان وعوام پرامن رہ کر شہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش کو ناکام بنادیں، رابطہ کمیٹی کی اپیل

کراچی۔۔۔4، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر کی شہادت کے بعد شہر میں پیدا ہونے والی صورتحال اور دہشتگردوں کی جانب سے نہتے معصوم شہریوں پر تشدد اور ان کی املاک کو جلانے اور لوٹ مار کے واقعات پر ہرگز اشتعال میں نہ آئیں بلکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بتائے ہوئے اصولوں کے مطابق آپس میں بھائی چارگی اور بحالی امن کیلئے بھرپور کوشش کریں ، ذمہ داران اور حق پرست منتخب نمائندے اپنے اپنے علاقوں میں عوام سے رابطہ کریں اور انہیں پرامن رہنے کی تلقین کریں۔ رابطہ کمیٹی نے کارکنان ، ذمہ داران وحق پرست عوام سے پرزور اپیل کی کہ وہ آزمائش کی اس گھڑی میں صبر وتحمل کا مظاہرہ کریں اور اپنے جذبات قابو میں رکھیں اور پرامن رہ کر شہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش کو ناکام بنادیں۔

## پشاور خودکش حملے میں آفتاب احمد شیر پاؤ کے برادر نسبتی اور ایف سی کمانڈنٹ صفت غیور کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔4، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور میں خودکش حملہ میں پیپلز پارٹی شیر پاؤ کے سربراہ آفتاب احمد شیر پاؤ کے برادر نسبتی اور ایف سی کمانڈنٹ صفت غیور کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے آفتاب احمد شیر پاؤ سمیت شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ایف سی کمانڈنٹ صفت غیور کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ ( آمین )

☆☆☆☆☆